سعودی عرب کے وزیر دفاع جناب خالد بن سلمان سے ملاقات - 17 /Apr/ 2025

جناب خالد بن سلمان، وزیر دفاع سعودی عرب نے آج سہ پہر رہبر معظم انقلاب اسلامی سے ملاقات کے دوران، اس ملک کے بادشاہ کا پیغام حضرت آیت‌اللہ خامنہ‌ای کی خدمت میں پیش کیا۔

رہبر انقلاب اسلامی نے اس ملاقات میں تاکید کرتے ہوئے فرمایا: "ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات دونوں ممالک کے لیے مفید ثابت ہوں گے، اور دونوں ممالک ایک دوسرے کے معاون ہو سکتے ہیں۔"

حضرت آیت‌اللہ خامنہ‌ای نے اس نکتے پر زور دیتے ہوئے کہ دونوں ملکوں کے تعلقات کا فروغ دشمنوں کو ناگوار گزرتا ہے، فرمایا: "ان دشمنانہ محرکات پر غلبہ حاصل کرنا چاہیے، اور ہم اس سلسلے میں آمادہ ہیں۔"

آپ نے اسلامی جمہوریہ ایران کی بعض پیشرفتوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: "اسلامی جمہوریہ ان میدانوں میں سعودی عرب کی مدد کے لیے تیار ہے۔"

رہبر انقلاب اسلامی نے تاکید کی: "یہ بہت بہتر ہے کہ خطے کے برادر ممالک آپس میں تعاون کریں اور ایک دوسرے کی مدد کریں، بہ نسبت اس کے کہ دوسروں پر انحصار کیا جائے۔"

اس ملاقات میں سردار سرلشکر باقری، رئیس ستاد کل نیروهای مسلح بھی موجود تھے۔

جناب "خالد بن سلمان"، وزیر دفاع سعودی عرب نے اس ملاقات پر اپنی بے پناہ خوشی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:

"میں ایران کے ساتھ تعلقات کو فروغ دینے اور تمام شعبوں میں تعاون کے ایجنڈے کے ساتھ تہران آیا ہوں، اور ہمیں امید ہے کہ جو تعمیری گفتگوئیں ہوئی ہیں، ان کی بنیاد پر سعودی عرب اور اسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان تعلقات پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہوں گے۔"